بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اوّل

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

زیرِ نظر شمارے میں محترم منصور احمد بٹلا صاحب کا ایک مقالہ بعنوان "ربوٰا" شائع کیا جا رہا ہے۔ قارئین حکمتِ قرآن محترم بٹلا صاحب سے بخوبی متعارف ہیں ـــ اس سے قبل موصوف کا ایک مفصل مقالہ "مطالعۂ فطرت اور ایمان" کے عنوان سے حکمتِ قرآن کی اپریل ۸۲ء کی اشاعت میں شائع ہو چکا ہے ـــ بٹلا صاحب کا یہ تازہ مقالہ ایک نہایت اہم اور نازک مسئلے سے متعلق ہے۔ ضروری نہیں کہ اس مقالے کے تمام مندرجات سے ادارہ بالکلیہ متفق ہو۔ لیکن یہ اپنی جگہ حقیقت ہے کہ فاضل مقالہ نگار نے اس میں ایسے نکات اٹھائے ہیں جو غور طلب اور گہرے فکر کے متقاضی ہیں ـــ اس وقت جبکہ پورا عالمِ اسلام بالخصوص پاکستان انتہائی نازک حالات سے گذر رہا ہے اور اسلامائزیشن کے سلسلے میں بہت کچھ شور و غوغا سننے میں آتا ہے، جہاں اور بہت سے مسائل قابلِ توجہ ہیں، وہاں معاشی مسئلہ خاص طور پر الجھاؤ کا شکار ہے ان حالات میں اہلِ علم پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ٹھوس اور سنجیدہ علمی انداز میں ان مسائل کا حل سوچیں اور صحیح سمت میں امت کی رہنمائی کریں۔ اس مقالے کی اشاعت کا محرک یہی ہے اور ہمیں اُمید ہے کہ اہلِ علم اسکا بنظرِ غائر جائزہ لے کر اپنے ذمہ دارانہ تبصرہ سے ہمیں آگاہ فرمائیں گے۔ جنہیں بصد شکریہ شاملِ اشاعت کیا جائے گا۔

❋